احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعہ 31۔اگست 2007ء

روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 31/اگست 2007ء 17 شعبان 1428ہجری 31 ظہور 1386ہش جلد 57-92 نمبر 198

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یادرکھو کہ فضائل بھی امراض متعدیہ کی طرح متعدی ہونے ضروری ہیں۔مومن کے لئے حکم ہے کہ وہ اپنے اخلاق کو اس درجہ پر پہنچائے کہ وہ متعدی ہوجائیں۔کیونکہ کوئی عمدہ سے عمدہ بات قابل پذیرائی اور واجب التعمیل نہیں ہوسکتی، جب تک اس کے اندر ایک چمک اور جذب نہ ہو۔اس کی درخشانی دوسروں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے اور جذب ان کو کھینچ لاتا ہے اور پھر اس فعل کی اعلیٰ درجہ کی خوبیاں خودبخود دوسرے کو عمل کی طرف توجہ دلاتی ہیں۔دیکھو! حاتم کا نیک ہونا سخاوت کے باعث مشہور ہے۔گو میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ خلوص سے تھی۔ایسا ہی رستم واسفندیار کی بہادری کے فسانے عام زبان زد ہیں؛ اگرچہ ہم نہیں کہہ سکتے کہ وہ خلوص سے تھے۔میرا ایمان اور مذہب یہ ہے کہ جب تک انسان سچا مومن نہیں بنتا، اس کے نیکی کے کام خواہ کیسے ہی عظیم الشان ہوں۔وہ ریاکاری کے ملمع سے خالی نہیں ہوتے، لیکن چونکہ ان میں نیکی کی اصل موجود ہوتی ہے اور یہ وہ قابل قدر جوہر ہے، جو ہر جگہ عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔اس لئے بایں ہمہ ملمع سازی وریاکاری وہ عزت سے دیکھے جاتے ہیں۔..................مرنے کے وقت بھی لوگ ریاکاری سے نہیں رکتے۔ایسے کام اکثر ریاکاروں سے ہوجاتے ہیں، جو اپنے آپ کو اخلاق فاضلہ والے انسان ثابت کرنا یا دکھانا چاہتے ہیں۔

غرض کوئی انسان ایسا نہیں ہے کہ اس کی ساری باتیں بری حالت کی اچھی ہوں، لیکن سوال یہ ہے کہ انسان اچھی باتوں کی کیوں پیروی نہیں کرتے؟ میں اس کے جواب میں یہی کہوں گا کہ اصل بات یہ ہے کہ انسان فطرتاً کسی بات کی پیروی نہیں کرتا جب تک کہ اس میں کمال کی مہک نہ ہو اور یہی ایک سِرّ ہے جو اللہ تعالیٰ ہمیشہ انبیاء علیہم السلام کو مبعوث کرتا رہا ہے اور خاتم النبیین کے بعد مجددین کے سلسلہ کو جاری رکھا ہے، کیونکہ یہ لوگ اپنے عملی نمونہ کے ساتھ ایک جذب اور اثر کی قوت رکھتے ہیں اور نیکیوں کا کمال ان کے وجود میں نظر آتا ہے اس لئے کہ انسان بالطبع کمال کی پیروی کرنا چاہتا ہے۔اگر انسان کی فطرت میں یہ قوت نہ ہوتی، تو انبیاء علیہم السلام کے سلسلہ کی بھی ضرورت نہ رہتی۔

لیکن یہ بات کہ انبیاء علیہم السلام اور خدا تعالیٰ کے ماموروں کی مخالفت کیوں کی جاتی ہے اور ان کی تعلیم کی طرف عدم توجہی کیوں کی جاتی ہے؟ اس کا باعث زمانہ کی وہ حالت ہوتی ہے جو ان پاک وجودوں کی بعثت کا موجب ہوتی ہے۔زمانہ میں فسق وفجور کا ایک دریا رواں ہوتا ہے اور ہر قسم کی بدکاریاں اور برائیاں خدا تعالیٰ سے بعد اور حرمان اس نیک عمدہ مادے کو اپنے نیچے دبا لیتا ہے۔چونکہ بدکاریوں کے کمال کا ظہور ہوا ہوتا ہے، اس لئے طبیعت کا یہ مادہ کہ وہ ہر کمال کی پیروی کرنا چاہتا ہے۔اس طرف رجوع کر گیا ہوتا ہے اور یہی وہ سِرّ ہوتا ہے کہ ابتداءً انبیاء علیہم السلام اور ماموروں کی مخالفت اور ان کی تعلیم سے بے پروائی ظاہر کی جاتی ہے، آخر ایک وقت آجاتا ہے کہ اس نیکی کے بروز اور کمال کی طرف توجہ ہوجاتی ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص138)

دلداری

مشیت ایزدی کے ماتحت ایک جنگ میں مسلمانوں کو ہزیمت ہوئی اور کئی صحابی میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے۔بعد میں یہ لوگ شرم کی وجہ سے آنحضرت ﷺ کے سامنے نہیں آتے تھے آنحضرت ﷺ نے ان کو مسجد نبوی کے کونے میں منہ چھپائے تاریکی میں بیٹھے ہوئے دیکھا۔تو پوچھا تم کون ہو۔وہ شرم سے پانی پانی ہورہے تھے رو کر عرض کیا۔ہم بھگوڑے ہیں یا رسول اللہؐ۔آپؐ نے بے ساختہ فرمایا۔بَلْ اَنْتُمْ الْعَکَّارُوْنَ نہیں نہیں تم بھگوڑے نہیں ہو۔تم تو دوبارہ حملہ کیلئے تیار بیٹھے ہو۔

(سنن ابی داؤد کتاب الجہاد باب فی التولی یوم الزحف حدیث نمبر:2276)

باب الصدقہ

آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

آدمی کا صدقہ کرنا عمر کو بڑھاتا ہے اور بری موت سے بچاتا ہے۔ (کنزالعمال)

پھر فرمایا:۔

جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے کا نام باب الصدقہ ہے۔ جہاں سے صدقہ و خیرات کرنے والے داخل ہوں گے۔ (مسلم)

احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ مستحق مریضوں کے علاج کی مدّ امداد مریضاں اور ہسپتال کی مدّ ڈویلپمنٹ میں بطور صدقہ جاریہ اپنے عطایاجات بھجوائیں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

خلافت جوبلی سووینئر (IAAAE)

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز صد سالہ خلافت جوبلی کے موقع پر ایک سووینئر شائع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔اس سلسلہ میں دنیا بھر میں پھیلے ہوئے احمدی آرکیٹکٹس اور انجینئرز مرد و خواتین اور دیگر اہل علم حضرات سے عاجزانہ درخواست ہے کہ سووینئر کیلئے مضامین، تصاویر، اشتہار اور فنڈز بھجوائیں۔مضمون نگار ہر مضمون کے ساتھ اپنا تعارف اور ایک پاسپورٹ سائز رنگین تصویر بھی ارسال کریں۔مختلف ممالک میں جماعت کے مراکز، نماز سنٹرز، مشن ہاؤسز، ہسپتال اور دیگر تعمیرات کی تصاویر بھی درکار ہیں۔اس سلسلہ میں IAAAE کے عہدیداروں سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

مضامین، اشتہارات، تصاویر، رقوم وغیرہ چیئرمین IAAAE ہیڈکوارٹر آفس بلڈنگ، تحریک جدید کوارٹرز، عقب گولبازار ربوہ پاکستان کو بھجوانے کی درخواست ہے۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس تاریخی موقع کی مناسبت سے مجلّہ تیار کرنے کی توفیق دے۔آمین

Fax:0092-47-6214582

Email:haris@iaaae.com

sharis70@gmail.com

(انجینئر محمود مجیب اصغر صدر ٹیکنیکل میگزین کمیٹی)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 448

عشق الٰہی کی پُر پیچ وادیوں کی نشان منزل

ضرب الامثال، کہاوتیں اور مقولے ہر گوشۂ عالم میں قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ بائبل کے الہامی صحیفوں میں ایک کا نام ہی کتاب امثال ہے اور سب سے بڑھ کر خاتم الفصحاء رسول کائنات محمد مصطفیٰ ﷺ کو جوامع الکلم معجزانہ طور پر سکھلائے گئے۔ یورپ کے قدیم وجدید مفکرین ادب کی اس مقبول عام صنف کو ہمیشہ غایت درجہ اہمیت دیتے ہیں۔ ارسطو نے ان کو معانی کے ایسے ریزے قرار دیا ہے جو صحت مطالب اور قلت الفاظ کا مرقع ہیں۔ ٹینی سن کے نزدیک یہ جواہرات ہیں جو زمانہ نے ہر عہد کی انگلیوں پر مزین کئے ہیں۔ ایک مغربی شاعر نے تو ان کو خدا کی زبان تک کہہ ڈالا ہے جیسا کہ ہمارے یہاں بھی مشہور ضرب المثل ہے ع

زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

اللہ جلشانہ کی ہزاروں رحمتیں ہوں۔ حضرت مسیح موعود کے رفیق خاص اور عاشق صادق حضرت مفتی محمد صادق صاحب بھیروی پر جنہوں نے اپنی معرکۃ آراء تالیف "ذکر حبیب" کے صفحہ 212 تا 214 میں ایک مستقل باب حضرت اقدس کے بعض ایسے مختصر کلمات اور مقولوں کے لئے مخصوص کیا ہے جو حضور اکثر اپنے خطابات، تقاریر اور گفتگو میں بیان فرماتے تھے ان میں بعض پہلے بزرگوں کے ہیں اور بعض حضور کے اپنے الہامات، حضرت مفتی صاحب کے مبارک قلم سے ان کی تفصیل درج ذیل کی جاتی ہے۔

1۔ انبیاء تلامیذ الرحمٰن ہوتے ہیں۔

2۔ نماز مشکلات سے بچنے کی چابی ہے۔

3۔ صرف زبان سے کلمات کے تکرار کرنے میں برکت نہیں ہوتی، جب تک دل بھی اس کے ساتھ نہ ہو۔

4۔ جو منگے سو مر رہے۔ مرے سو منگن جا۔

5۔ فلسفی کو منکر حنانہ است
از حواس اولیاء بیگانہ است

6۔ آں دعائے شیخ نے چوں ہر دعا است
فانی است و گفت او گفت خدا است

7۔ یا تو لوڑ مقدمیں یا اللہ نوں لوڑ۔ ترجمہ: یا مقدمہ بازی کرو یا خدا پرستی کرو۔ دونوں باتیں اکٹھی نہیں ہو سکتیں۔

8۔ سخن کز دل بروں آید۔ نشیند لاجرم بر دل

9۔ مرد باید کہ گیرد اندر گوش
در نوشتست پند بر دیوار

10۔ گویند سنگ لعل شود در مقام صبر
آرے شود ولیک بخون جگر شود

11۔ غنیمت جان لو مل بیٹھنے کو
جدائی کی گھڑی سر پر کھڑی ہے

12۔ مومن کے دل میں ایک جذب ہوتا ہے۔ اس قوت جاذبہ کے ذریعہ سے وہ دوسروں کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

13۔ آنکس کہ بقرآن وخبر زو نہ رہی
اینست جوابش کہ جوابش ندہی

14۔ گر نباشد بدوست راہ بردن
شرط عشق است در طلب مردن

15۔ جے توں میرا ہو رہیں سب جگ تیرا ہو

16۔ سرمد گلہ اختیار مے کرد
یک کار ازیں دو کار مے باید کرد
یا تن برضائے دوست مے باید داد
یا قطع نظر زیار مے باید کرد

17۔ گوش زدہ اثرے دارد

18۔ کار دنیا کسے تمام نہ کرد

19۔ گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

20۔ شب تور گذشت وشب سمور گذشت

21۔ سب کرامتوں کی اصل جڑھ دعا ہے۔

22۔ خدا داری چہ غم داری

23۔ مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست

24۔ اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر کوئی بات زمین پر نہیں ہو سکتی۔

25۔ خدا بیند و پوشد و ہمسایہ نہ بیند و خروشد

26۔ استغفار کلید ترقیات روحانی ہے۔

27۔ اے خواجہ درد نیست وگرنہ طبیب ہست

28۔ خاک شو پیش ازاں کہ خاک شوی

29۔ خبث نفس نہ گردد بسالہا معلوم

30۔ الاستقامۃ فوق الکرامۃ

31۔ یک در گیر محکم گیر

32۔ یار غالب شو کہ تا غالب شوی

ان اقوال کی اہمیت و افادیت بیان سے باہر ہے۔ اگر بصیرت کی نگہ سے باریک جائزہ لیا جائے تو یہ مقولے ایک پہلو سے کتاب تصوف کے ابواب کی سرسرخیوں سے تعبیر کئے جا سکتے ہیں اور دوسرے پہلو سے یہ عشق الٰہی رضائے باری تعالیٰ اور فنا، بقا اور لقاء کی کٹھن، صبر آزما اور پُر پیچ وادیوں کے نشان منزل دکھلائی دیتے ہیں۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم شمشاد احمد صاحب قمر مربی سلسلہ جرمنی تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے والد محترم رحمت اللہ زیدی صاحب مورخہ 3۔ اگست 2007ء کو لاہور میں ایک حادثہ کے نتیجہ میں انتقال کر گئے ہیں ان کی عمر تقریباً 71 سال تھی مورخہ 4۔ اگست کو صبح بعد نماز فجر بیت الکریم ٹاؤن شپ لاہور میں نماز جنازہ ادا کی گئی بعد ازاں احمدیہ قبرستان ہانڈو گوجر میں تدفین عمل میں آئی۔ آپ نے اپنے پیچھے بیوہ کے علاوہ چار بیٹے اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ ایک بیٹی غیر شادی شدہ ہے باقی تمام بچے الحمد للہ شادی شدہ ہیں۔ وفات کے وقت خاکسار سمیت آپ کے تین بیٹے ملک سے باہر تھے جو بامر مجبوری نماز جنازہ و تدفین میں شامل نہ ہو سکے۔ احباب سے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ان کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور خاکسار کی والدہ محترمہ اور دیگر تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

اس موقعہ پر دیار غیر میں بہت سے احباب خاکسار کے پاس تعزیت کیلئے تشریف لائے، بہت سے دوستوں نے اندرون و بیرون ممالک سے فون کئے اور بہت سے خطوط موصول ہوئے۔ اس طرح خاکسار کا حوصلہ بڑھایا اور ہمارے اس غم میں شریک ہوئے۔ خاکسار ان تمام احباب کو فرداً فرداً جواب دینے سے قاصر ہے۔ خاکسار ان سب دوستوں کا شکر گزار ہے اور دعا گو ہے کہ خدا تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اپنے خاص فضلوں سے ہمیشہ نوازتا رہے۔ آمین

ولادت

مکرم مبارک احمد شاہد صاحب دار الفتوح شرقی ربوہ ولد مکرم ماسٹر محمد انور صاحب مرحوم آف نواں کوٹ ضلع شیخوپورہ تحریر کرتے ہیں۔

میری پیاری بیٹی مکرمہ عطیۃ المنان نزہت صاحبہ زوجہ مکرم رضا محمد شاہ صاحب لندن کو خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے 11 جون 2007ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے بچی کا نام وانیا نزمین تجویز ہوا ہے نومولودہ مکرم شیر محمد صاحب مرحوم خادم حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی نسل سے اور مکرم شیر محمد شاہ صاحب مرحوم (ر) ٹیچر کی پوتی ہے تمام احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ بچی کو فرمانبردار نیک خادم دین اور صحت والی لمبی زندگی عطا کرے۔ آمین

ملازمت کے مواقع

سول ایوی ایشن اتھارٹی میں مختلف آسامیاں خالی ہیں۔ درخواستیں www.caapakistan.com پر بھجوائی جا سکتی ہیں۔

پاکستان کیبلز لمیٹڈ کو پراسس انجینئر، پروڈکشن آفیسرز اور ٹیکنیکل آفیسرز درکار ہیں۔ درخواستیں بنام HR مینیجر مورخہ 5 ستمبر 2007ء تک بھجوائی جا سکتی ہیں۔

حبیب بینک لمیٹڈ کو مختلف آسامیوں کیلئے نوجوان درکار ہیں۔ درخواستیں 3 ستمبر 2007ء تک consumer.executives@hblpk.com پر بھجوائی جا سکتی ہیں۔

کوکا کولا کمپنی کو پاکستان کے مختلف شہروں میں مختلف شعبوں میں مینیجرز درکار ہیں۔ درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ یکم ستمبر 2007ء ہے ان کا ای میل ایڈریس ccbl@apac.ko.com ہے۔

ڈاؤلینس کمپنی کو بزنس انلیسٹ، سسٹم انلیسٹ اور سینئر پروگرامر درکار ہیں۔ آخری تاریخ 6 ستمبر 2007ء ہے۔ ای میل ایڈریس jobs@dawlance.com.pk

ایک کمپنی کو مختلف آسامیوں پر نوجوان درکار ہیں۔ اپنی CV درج ذیل ایڈریس پر بھجوائی جا سکتی ہے۔ subra@hillmetals.com

نیشنل سکول آف پبلک پالیسی گورنمنٹ آف پاکستان کو اپنے سکول کیلئے 30 کے قریب سٹاف درکار ہیں۔ درخواستیں 31۔ اگست 2007ء تک بھجوائی جا سکتی ہیں۔

گورنمنٹ آف پاکستان بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کو ڈیٹا بیس ایڈمنسٹریٹر، نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر، پروگرامر، نیٹ ورک سسٹم انجینئر، ویب ڈویلپر ڈیزائنر، سافٹ ویئر انجینئر، اسسٹنٹ، ڈیٹا انٹری آپریٹر، ڈرائیور، نائب قاصد اور Peon درکار ہیں۔ درخواستیں 2 ستمبر 2007ء تک بھجوائی جا سکتی ہیں۔

(نوٹ 1 تا 10 اشتہارات کی تفصیل کیلئے 26۔ اگست کا اخبار ڈان ملاحظہ فرمائیں اور 11 تا 12 کیلئے 24۔ اگست 2007ء کا اخبار ڈان ملاحظہ فرمائیں)

(نظارت صنعت و تجارت)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب

دین کا قانون شادی وطلاق

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب اپنی کتاب سیرۃ خاتم النبیّین میں 5 ھ کے حالات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

شادی اور طلاق وغیرہ کے مسائل کے متعلق بھی بہت سے احکام اسی سال نازل ہوئے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس موقعہ پر ایک مختصر سا خاکہ شادی اور طلاق کے مسائل کے متعلق دینی تعلیم کا پیش کردیا جاوے۔ سوسب سے پہلے تو یہ جاننا چاہئے کہ اسلام سے قبل عربوں میں کوئی خاص قانون شادی و طلاق مقرر نہیں تھا بلکہ محض ایک رسم یا طریق عمل کی صورت تھی اور اس کی پابندی بھی ہر شخص کی اپنی مرضی پر موقوف تھی اور اسی لئے ملک کے مختلف حصوں اور مختلف قبائل میں یہ طریق عمل مختلف صورتیں رکھتا تھا۔

عام طور پر یہ سمجھنا چاہئے کہ عرب میں جائز و ناجائز رشتوں میں زیادہ حد بندی نہیں تھی۔ حتیٰ کہ سوتیلی ماں تک سے شادی کرنے میں پرہیز نہیں تھا۔ قریبی رشتہ دار کی بیوہ پر بغیر اس کی مرضی کے زبردستی قبضہ کرلینے کی رسم بھی پائی جاتی تھی۔ نکاح کے طریق مختلف تھے اور ان میں سے چار زیادہ شائع و متعارف تھے۔ ان میں سے ایک تو یہی رسمی نکاح تھا جو بعد میں زیادہ پاک وصاف ہوکر اسلام میں قائم ہوا لیکن باقی تین ایسے گندے اور ناپاک تھے کہ ان کے ذکر تک سے انسانی طبیعت رکتی ہے۔ تعدد ازدواج کی کوئی حد بندی نہیں تھی بلکہ بیویوں کی تعداد ہر شخص کی ذاتی ضرورت، دولت اور شوق پر منحصر تھی۔ بیویوں کے درمیان عدل وانصاف کا کوئی ضابطہ نہیں تھا اور نہ ہی اس کے متعلق خاوند پر کوئی پابندی تھی۔ مرد کے عورت پر اور عورت کے مرد پر کوئی مقررہ حقوق نہیں تھے بلکہ سارا دارومدار مرد کی مرضی پر تھا۔ طلاق کا کوئی قانون نہیں تھا۔ مرد جب اور جس طرح چاہتا تھا عورت کو طلاق دے کر الگ کردیتا تھا۔ اگر مرد کی مرضی نہ ہوتو عورت کے لئے طلاق حاصل کرنے کا کوئی رستہ نہیں تھا۔ طلاق کے بعد بھی جابر لوگ اپنی مطلقہ عورت پر حکومت رکھتے تھے اور اسے دوسری جگہ شادی کرنے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ عدت کا قانون بھی کوئی نہیں تھا بلکہ ادھر جدائی ہوتی تھی اور ادھر عورت دوسرے شخص کے ساتھ شادی کے لئے آزاد سمجھی جاتی تھی۔ الغرض شادی وطلاق کے معاملہ میں عرب میں کوئی قانون نہیں تھا بلکہ سارا دارومدار مرد کی مرضی پر تھا اور مرد عموماً اپنی بیویوں کے ساتھ نہایت جابرانہ سلوک کرتے تھے اور عورت کے لئے کوئی دادرسی کی جگہ نہیں تھی۔ اسلام آیا تو اس نے گویا ایک نیا عالم پیدا کردیا اور محض انتظامی فرق کے سوا کہ جو لابدی تھا اصولاً عورت اور مرد کے مساویانہ حقوق تسلیم کئے اور ان حقوق کی حفاظت و نگہداشت کا کام مرد پر نہیں چھوڑا بلکہ حکومت کے ہاتھ میں دیا اور حکومت کا یہ فرض مقرر کیا کہ وہ خاوند و بیوی کے حقوق میں ایک دوسرے کی دست درازی کو روکے اور خصوصاً ضعیف طبقہ نساء کی حفاظت کرے اور دوسری طرف اسلام نے اپنے روحانی اور اخلاقی اثر کے ماتحت مردوں کو یہ پُرزور سفارش کی کہ وہ عورتوں کے ساتھ نہ صرف عدل وانصاف بلکہ شفقت واحسان کا معاملہ کریں اور اس معاملہ میں اسلام نے اتنا زور دیا کہ بعض صحابہ میں یہ احساس پیدا ہونے لگا کہ اسلام نے تو گویا عورت کو آزاد کردیا ہے۔

اسلامی قانون شادی طلاق کا اصل الاصول یہ ہے کہ نکاح مرد وعورت کے درمیان ایک سول معاہدہ کا رنگ رکھتا ہے۔ جسے گو عام معاہدات کی نسبت بہت زیادہ محبت اور وفاداری اور تقدس اور دوام کا عنصر دیا گیا ہے۔ مگر انتہائی حالات میں وہ ٹوٹ بھی سکتا ہے اور اسی ٹوٹنے کا نام اسلامی اصطلاح میں طلاق یا خلع یا فسخ نکاح ہے۔ یہ سول معاہدہ کس طرح قائم ہوسکتا اور کس طرح ٹوٹ سکتا ہے اس کے متعلق اسلامی قانون کا ڈھانچہ حسب ذیل ہے۔ پہلے ہم قانون شادی کو لیتے ہیں:۔

1۔نکاح کرنا اسلام میں ہر اس مسلمان پر جو اس کی طاقت رکھتا ہو۔ فرض ہے اور تبتل سے منع کیا گیا ہے۔

2۔نکاح کی اغراض تعدد ازدواج کی بحث میں دوسری جگہ مفصل بیان کی جاچکی ہیں اس جگہ اعادہ کی ضرورت نہیں۔

3۔جن جگہوں میں رشتہ منع ہے ان کا اسلام نے صراحت وتعیین کے ساتھ ذکر کردیا ہے۔ باقی سب کے ساتھ نکاح ہوسکتا ہے۔ کوئی قومی یا نسلی حد بندی نہیں ہے۔ ممنوع رشتے اصولاً یہ ہیں۔ باپ کی بیوی، ماں، رضاعی ماں، بیٹی، بیوی کی بیٹی، بہن، رضاعی بہن، خالہ، پھوپھی، بھتیجی، بھانجی، ساس، بہو، ہر خاوند والی عورت اور دو بہنوں کا ایک وقت میں جمع کرنا۔ اس حکم کی مزید تشریح حدیث میں کردی گئی ہے۔

4۔نکاح چونکہ مرد وعورت کے ایک معاہدہ کا نام ہے اور انہوں نے ہی اسے نباہنا ہوتا ہے۔ اس لئے نکاح میں فریقین کی رضامندی ضروری ہے۔ یعنی لڑکا اور لڑکی یا مرد وعورت دونوں اس تعلق کے قائم کرنے پر رضامند ہونے چاہئیں اور ان کی رضامندی کے بغیر یہ رشتہ قائم نہیں ہوسکتا۔

5۔باوجود پردہ کی حد بندیوں کے اسلام اس بات کی اجازت دیتا ہے بلکہ اس کی تحریک کرتا ہے کہ نکاح سے پہلے مرد وعورت ایک دوسرے پر نظر ڈال لیں تاکہ شکل وغیرہ کا سوال بعد میں موجب خلش نہ بنے۔

6۔اسلام میں نکاح اعلان کے ساتھ علیٰ رؤس الاشہاد ہونا ضروری ہے اور خفیہ نکاح کی اجازت نہیں ہے۔ اسی اعلان کی غرض سے اسلام میں یہ طریق مقرر کیا گیا ہے کہ جب خاوند بیوی اکٹھے ہوں تو اس خوشی میں خاوند ایک دعوت دے جس میں حسب توفیق اعزہ و احباب اور ہمسائے وغیرہ بلائے جائیں۔ اس دعوت کو اصطلاحی طور پر ولیمہ کہتے ہیں۔

7۔اگر کسی مصلحت کے ماتحت کسی لڑکے یا لڑکی کا ولی یعنی گارڈین اس کے بچپن کی حالت میں ہی یعنی اس کے بالغ ہونے سے پہلے اس کی شادی کرنا چاہے تو کرسکتا ہے۔ کیونکہ بعض اوقات استثنائی صورتوں میں خاص مصالح کے ماتحت ایسا کرنے کی ضرورت پیش آسکتی ہے جس کے لئے قانونی طور پر دروازہ کھلا رہنا چاہئے۔ مگر ایسی صورت میں لڑکے کو تو حق ہے ہی۔ لڑکی کو بھی لازماً بالغ ہونے پر حاکم کے ذریعہ اس رشتہ کے منقطع کرنے کا حق ہوگا اور اس کی رضامندی کے بغیر یہ رشتہ قائم نہیں رہ سکے گا۔ اس حق کو اسلامی اصطلاح میں خیار البلوغ کہتے ہیں۔ مگر یہ خیال رہے کہ ہم نے جو یہ لکھا ہے کہ استثنائی حالات میں نابالغی کے زمانہ میں بھی رشتہ ہوسکتا ہے۔ اس سے مراد صرف عقد نکاح ہے۔ زناشوئی کے تعلقات مراد نہیں کیونکہ زناشوئی کے تعلق کے لئے ہر دو کا بالغ ہونا ضروری ہے۔

8۔گو نکاح کے عقد میں اصل رضامندی فریقین کی ہے اور ان کی رضامندی کے بغیر نکاح قائم نہیں رہ سکتا اور اگر کسی خاص مصلحت سے بچپن میں نکاح ہو بھی جاوے تو رضامندی کی صورت میں بالغ ہونے پر وہ قائم نہیں رہ سکتا، لیکن چونکہ لڑکی اور خصوصاً کنواری لڑکی طبعاً زیادہ سادہ مزاج اور بھولی ہوتی ہے اور دنیا کا تجربہ بھی اسے نسبتاً کم ہوتا ہے اور وہ ان باتوں سے بھی زیادہ آگاہ نہیں ہوتی جن پر اہلی زندگی کی حقیقی خوشی کی بنیاد قائم ہوتی ہے اور پھر فطرتاً عورت کے اندر قلبی جذبات کا مادہ بھی زیادہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے بسا اوقات جذبہ عقل مستور ہو جاتا ہے اس لئے اسے کسی غلط راستہ پر پڑنے اور چالاک اور شاطر مردوں کے دھوکے سے بچانے کے لئے اسلام یہ حکم دیتا ہے کہ جب کسی کنواری لڑکی کے رشتہ کا سوال ہو تو اس کا باپ یا باپ نہ ہو تو کوئی اور قریبی رشتہ دار بطور ولی کے اس کے ساتھ رہے اور اس کے مشورہ کے بغیر رشتہ قائم نہ ہو۔ لیکن اگر لڑکی اور ولی میں اختلاف ہو جاوے تو ترجیح لڑکی کی رائے کو دی جائے گی۔ مگر اس صورت میں یہ ضروری ہوگا کہ اس اختلاف کو حاکم کے نوٹس میں لایا جاوے تا کہ اگر لڑکی کسی دھوکے کا شکار ہورہی ہو تو اس کا سدباب کیا جاسکے۔ بیوہ عورت چونکہ کنواری کی نسبت شادی کے اونچ نیچ سے بہت واقف ہوچکی ہوتی ہے اور ان امور کو سمجھ چکی ہوتی ہے جن پر اہلی تعلقات بہترین صورت میں چل سکتے ہیں اس لئے اس کے معاملہ میں گو ولی کا ساتھ رہنا پسندیدہ ہے مگر ولی کی رضامندی ضروری نہیں ہے بلکہ وہ خود اپنے اختیار سے فیصلہ کرسکتی ہے۔

یہ مسئلہ ولایت جس کا عنصر تو کم وبیش اکثر مذاہب میں پایا جاتا ہے۔ مگر جسے اسلام نے ایک معین اور تفصیلی قانون کی صورت دے دی ہے ایک نہایت ہی مفید اور بابرکت نظام ہے۔ کیونکہ اس سے لڑکیوں کے نکاح کے معاملہ میں بہت سے دھوکوں کا سدباب ہو جاتا ہے اور شریر اور شاطر لوگ سادہ طبع لڑکیوں کو سبز باغ دکھا کر اپنے دام تزویر میں پھنسانے کا موقعہ نہیں پاتے۔ مغربی ممالک میں جہاں آجکل لڑکیوں کو نکاح کے معاملہ میں بہت زیادہ آزادی حاصل ہے وہاں اس قسم کے واقعات نہایت کثرت کے ساتھ ہوتے رہتے ہیں کہ شاطر لوگ بھولی بھالی لڑکیوں کو اپنی چرب زبانی اور شہوانی محبت کے مظاہروں سے متاثر کرکے ان کے گارڈینوں کی مرضی اور اطلاع کے بغیر ان کے ساتھ شادی کرلیتے ہیں اور جب وہ ان کے دام میں آجاتی ہیں تو پھر دھوکے کا چولہ اترنا شروع ہو جاتا ہے اور شہوانی محبت بھی آہستہ آہستہ سرد پڑنے لگ جاتی ہے اور زیادہ عرصہ نہیں گزرتا کہ وہ گھر جس کے اندر ان لڑکیوں نے جنت سمجھ کر قدم رکھا تھا ان کے لئے ایک دوزخ کی صورت اختیار کرلیتا ہے اور ابتداءً بے التفاتی اور پھر بے اتفاقی اور پھر لڑائی اور اس کے بعد جدائی اور بالآخر طلاق تک نوبت پہنچتی ہے۔

علاوہ ازیں اس ولایت کے انتظام میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اس طرح نکاح کی بنیاد صرف جذبات پر قائم نہیں ہوتی بلکہ دوسرے امور بھی جو رشتہ نکاح میں دیکھنے نہایت ضروری ہوتے ہیں مدنظر رہتے ہیں۔ مثلاً اخلاقی اور دینی حالت، خاندانی حالت، مالی حالت، تمدنی مناسبت، طبائع کی موافقت، عمر، صحت وغیرہ۔ ظاہر ہے کہ اگر دو نوجوانوں کو بغیر کسی قسم کے مشورہ اور ولایت کے سہارے کے یونہی اکیلا چھوڑ دیا جاوے کہ وہ جس طرح چاہیں اپنے طور پر شادی کرلیں تو چونکہ نوجوانوں میں عموماً جذبات کا زور ہوتا ہے اور مستثنیات کو الگ رکھتے ہوئے یہ جذبات بھی زیادہ تر شہوانی محبت کا رنگ رکھتے ہیں اس لئے دوسرے امور کا نظر انداز ہوجانا بالکل اغلب ہوتا ہے اور عملاً سارا معیار صرف وقتی جذبات پر آجاتا ہے جس کا نتیجہ اکثر خطرناک نکلتا ہے۔ لیکن ولایت کے انتظام میں یہ خطرہ بہت ہی کم ہوتا ہے۔ کیونکہ لڑکی کے جذبات کے ساتھ ساتھ ولی کے عقل وتجربہ کی شمع بھی اپنا کام کرتی ہے۔ پس ولایت کا انتظام ایک نہایت ہی مبارک انتظام ہے جس میں ایک طرف تو عورت کی جائز آزادی اور اس کا حق انتخاب قائم رہتے ہیں اور دوسری طرف وہ شریر اور شاطر لوگوں کے دام تزویر میں پھنسنے یا محض جذباتی رو میں بہہ کر عقل وتجربے مشورے کو خیر باد کہہ دینے کے بدنتائج سے بچ جاتی ہے۔

9۔اسلامی نکاح میں مہر ایک ضروری شرط ہے یعنی مرد کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی حیثیت کے

مطابق کوئی رقم یا جائیداد یا چیز جس کا فیصلہ فریقین کی رضامندی پر موقوف ہوتا ہے عورت کو دے۔ یہ مہر خاوند کے ذمہ ایک قانونی قرض کا رنگ رکھتا ہے اور اس کی مالک اور متصرف کلیۃً عورت ہوتی ہے۔ نیز یہ مہر اس حصہ کے علاوہ ہوتا ہے جو عورت کو اس کے خاوند کی وفات پر بطور ورثہ کے ملتا ہے۔ گویا اسلام میں عورت کو تین مختلف ذریعوں سے مال پہنچتا ہے۔ اول اس کے والدین وغیرہ کی طرف سے بطور ورثہ کے۔ دوسرے اس کے خاوند کی طرف سے بطور ورثہ کے۔ تیسرے مہر کے ذریعہ سے اور اس پر لطف یہ ہے کہ عورت کے ذمہ خرچ کوئی نہیں ہوتا۔

10۔خاوند اپنی حیثیت کے مطابق اپنی بیوی کے ضروری اخراجات مہیا کرنے کا ذمہ دار ہے اور یہ خرچ مہر وغیرہ کے علاوہ ہوتا ہے۔

11۔اگر عورت و مرد نکاح کے وقت آپس میں کوئی خاص معاہدہ یا شرائط کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں اور اس کی پابندی دونوں پر واجب ہوگی۔ مگر وہ کوئی ایسی شرائط نہیں کر سکتے جن سے شریعت کے کسی حکم کا بطلان لازم آئے اور نہ کوئی ایسی شرط کر سکتے ہیں جو اخلاقاً قابل اعتراض ہو یا جس کے نتیجہ میں کسی تیسرے فریق پر سختی لازم آتی ہو۔ اس اصل کے ماتحت اسلام میں اس بات کی اجازت سمجھی جائے گی کہ اگر کوئی عورت اپنے لئے سوکن کے وجود کو ناقابل برداشت یقین کرتی ہے تو وہ نکاح کے وقت خاوند کے ساتھ یہ شرط کر لے کہ اس کے ہوتے ہوئے خاوند دوسری شادی نہیں کرے گا۔ یعنی یا تو وہ دوسری شادی بالکل ہی نہیں کرے گا یا پہلے اسے طلاق دے کر جدا کر لے گا تو پھر دوسری شادی کرے گا اور چونکہ اسلام میں تعدد ازدواج کا حکم نہیں ہے بلکہ صرف خاص حالات کے لئے اجازت ہے اور ایسی شرط سے کسی تیسرے شخص پر بھی کوئی ناواجب اثر نہیں پڑتا اس لئے ایسا معاہدہ ناجائز نہ ہوگا۔

12۔اس انتظامی فرق کے سوا کہ خاوند نظام اہلی کا امیر ہوتا ہے۔ اسلام میں عورت و مرد کے مساویانہ حقوق تسلیم کئے گئے ہیں اور اس اہلی امارت میں بھی خاوند بالکل آزاد نہیں ہے بلکہ اسے حکم ہے کہ اپنی بیوی کے ساتھ محبت اور خوش اخلاقی اور دلداری اور عفو کا سلوک کرے اور گو اسے گھر کا امیر ہونے کی حیثیت میں تادیب کا بھی حق ہے۔ مگر یہ تادیب مناسب اور واجبی ہونی چاہئے۔ بیوی کے ساتھ حسن سلوک کا اس قدر تاکیدی حکم ہے کہ آنحضرت ﷺ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ خیرکم خیرکم لاھلہٖ یعنی تم میں سے سب سے اچھا شخص وہ ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ سلوک کرنے میں سب سے اچھا ہے اور آپ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ عورت کی مثال پسلی کی ہڈی کی ہے جو خلقاً خمدار ہوتی ہے اور جسے اگر کوئی انسان سیدھا کرنے کی کوشش کرے تو وہ اپنا کام نہیں دے سکے گی جو اس کے خمدار ہونے کے ساتھ وابستہ ہے اور یہ بھی نتیجہ ہوگا کہ وہ ٹوٹ جائے گی۔ اسی طرح عورت بھی فطرتاً خمدار ہے یعنی اس کی طبیعت میں بعض خاص ادائیں رکھی گئی ہیں جو ہیں تو بظاہر کجیاں۔ مگر حقیقۃً انثیت کی جان ہیں۔ اگر اس کے اس فطری خم کو کوئی شخص سیدھا کرنا چاہے گا تو وہ اسے سیدھا تو نہیں کر سکے گا مگر یہ نتیجہ ضرور ہوگا کہ پسلی کی ہڈی کی طرح عورت ٹوٹ جائے گی۔ یعنی یا تو وہ اپنے خاوند کے گھر میں ماہی بے آب کی طرح تڑپ تڑپ کر ہلاک ہو جائے گی اور یا جدائی اور طلاق تک نوبت آئے گی۔ پس انسان کو چاہئے کہ عورت کے اس فطری خم کو جو اس کی انثیت کے ساتھ لازم و ملزوم کے طور پر ہے سیدھا کرنے کی بے سود کوشش نہ کرے بلکہ اسی خم کے ساتھ اس کے ساتھ نبھاؤ کرے اور آپ نے فرمایا ''پسلی کا سب سے ٹیڑھا حصہ ہی سب سے اونچا ہوتا ہے''۔ یعنی حقیقۃً عورت کا یہ فطری خم ہی اس کی نوع کا کمال ہے اور ایک عورت اپنی انثیت میں جتنی کامل ہوگی اتنا ہی اس میں یہ فطری خم زیادہ ہوگا کیونکہ یہ اس کی مخصوص نوعیت کی جان ہے اس نہایت درجہ حکیمانہ ارشاد سے آنحضرت ﷺ نے مرد کی ذہنیت کو عورت کے ساتھ سلوک کرنے کے معاملہ میں ایک نہایت صحیح اور فطری بنیاد پر قائم فرما دیا ہے اور یہ بات مسلمانوں کے ذہن نشین فرمائی ہے کہ اگر عورت کے بعض مخصوص انداز غلط استعمال یا غلط اظہار کی وجہ سے بعض اوقات تمہارے لئے تکلیف و پریشانی کا موجب ہو جائیں تو ان کی مناسب اصلاح تو کرو مگر ان کی وجہ سے گھبرا کر ان کو بالکل مٹا دینے کی کوشش نہ کرو کیونکہ وہ عورت کی فطرت کا حصہ ہیں اور اگر وہ صحیح حدود کے اندر رہیں گے تو وہی تمہاری اہلی خوشی کی بنیاد بن جائیں گے۔

13۔عورت کا یہ فرض ہے کہ وہ تمام جائز امور میں خاوند کی اطاعت کرے اس کے ساتھ محبت و امتنان اور وفاداری کا نبھاؤ کرے۔ اس کے مال اور اس کی عزت کی حفاظت کرے۔ اس کے بچوں کی تربیت کرے اور اس کے خانگی امور کا انتظام کرے۔

14۔چونکہ عورت کے حقوق مرد پر اور مرد کے حقوق عورت پر اسلام میں ایک قانونی رنگ رکھتے ہیں اس لئے ان کے باہمی تنازعات عدالت میں جا سکتے ہیں۔ چنانچہ حدیث سے پتہ لگتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے پاس مسلمان عورتیں اپنے خاوندوں کی شکایتیں لایا کرتی تھیں اور آپ ان پر فیصلہ فرماتے تھے اور ان کے حقوق ان کو دلواتے اور ہر طرح ان کی دلداری فرماتے تھے۔ حتیٰ کہ ان حقوق اور اس قسم کے مربیانہ سلوک کی وجہ سے صحابہ میں یہ احساس پیدا ہونے لگا تھا کہ اسلام نے تو گویا عورتوں کو آزاد کر دیا ہے۔

طلاق کے قانون کا ڈھانچہ اس طرح پر سمجھنا چاہئے کہ:۔

1۔چونکہ نکاح ایک سول معاہدہ ہے اس لئے وہ ٹوٹ بھی سکتا ہے مگر اسلام نے صرف انتہائی حالات میں اس کے توڑنے کی اجازت دی ہے جبکہ کوئی اور چارہ نہ رہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ ابغض الحلال الی اللّٰہ الطلاق یعنی جن باتوں کو خاص مصالح کے ماتحت خدائی شریعت میں جائز اور حلال قرار دیا گیا ہے ان میں طلاق خدا کو سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہے۔ اس اصل کے ماتحت اسلام نے ازدواجی رشتہ کو گویا ایک گونہ تقدس اور دوام کا رنگ دے دیا ہے اور مسلمانوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ رشتہ نکاح کے منقطع کرنے میں کبھی بھی جلدی نہ کریں بلکہ انتہائی احتیاط سے کام لیں۔ مگر ایک جامع اور عالمگیر شریعت کی حیثیت میں اسلام نے اس بات کو بھی نظر انداز نہیں کیا کہ مرد و عورت کے تعلقات میں ایسے حالات پیدا ہو سکتے ہیں جن کے ہوتے ہوئے اس رشتہ کا خوشگوار صورت میں قائم رہنا محال ہو جاتا ہے اور نہ صرف خاوند و بیوی دونوں کی خانگی زندگی تلخ ہو جاتی ہے۔ بلکہ اس تلخی کا اثر لازماً ان کے دوسرے کاموں پر بھی پڑتا ہے۔ ایسی صورت میں اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں رہتا کہ ایک افسوس کرتے ہوئے دل کے ساتھ اس رشتہ کو منقطع کر دیا جاوے۔ چنانچہ اسی قسم کے انتہائی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے خدا تعالیٰ نے اسلام میں طلاق کا قانون جاری فرمایا ہے۔

2۔اس قانون طلاق کو (خلاف شریعت اور ناجائز نکاح کی صورتوں کو الگ رکھتے ہیں جنہیں اصطلاحاً نکاح باطل یا نکاح فاسد کہتے ہیں) موٹے طور پر تین حصوں میں تقسیم شدہ سمجھنا چاہئے۔ اول فسخ نکاح کی صورت، جس کے اندر میں فقہ کی اصطلاح سے کسی قدر ہٹ کر لعان وغیرہ کی صورت کو بھی شامل کرتا ہوں۔ یعنی تمام وہ صورتیں جبکہ عقد نکاح کو قائم رہنا ناجائز ہو جاوے۔ دوم طلاق یعنی وہ صورت جبکہ علیحدگی کی خواہش اور جدائی کی تحریک خاوند کی طرف سے ہو۔ سوم خلع یعنی وہ صورت جبکہ علیحدگی کی خواہش اور جدائی کی تحریک بیوی کی طرف سے ہو۔ ان تینوں صورتوں کے لئے اسلام نے الگ الگ ضابطہ مقرر فرمایا ہے۔

3۔فسخ نکاح کی صورت اس وقت پیش آتی ہے جبکہ نکاح کا قائم رہنا ناجائز ہو جاوے۔ مثلاً لڑکی اپنا حق خیار البلوغ استعمال کرے۔ جس کی کسی قدر تشریح اوپر گزر چکی ہے یا مثلاً خاوند کو اپنی بیوی کی عصمت کے خلاف یقین ہو جاوے مگر وہ اسے شرعی طور پر ثابت نہ کر سکے جس صورت میں اسلام یہ حکم دیتا ہے کہ مرد و عورت ایک دوسرے کے خلاف مؤکد بعذاب حلف اٹھائیں اور پھر ان میں علیحدگی کرا دی جاوے۔ اس صورت کو اسلامی اصطلاح میں لعان کہتے ہیں۔

4۔طلاق کی صورت میں اسلامی حکم یہ ہے کہ جب مرد و عورت میں ایسے حالات پیدا ہو جاویں کہ خاوند اپنی بیوی کو علیحدہ کرنے کی طرف مائل ہو جاوے تو پیشتر اس کے کہ وہ طلاق دے فریقین کے متعلقین کو ایک موقع مصالحت کی کوشش کا ملنا چاہئے۔ اگر یہ کوشش کامیاب ہو جاوے تو فبہا لیکن اگر وہ کامیاب نہ ہو تو اس صورت میں خاوند کو خود اپنے اختیار سے بغیر عدالت میں جانے کے طلاق دینے کا حق ہے۔ مگر یہ طلاق ایسے طہر میں ہونی چاہئے جس میں خاوند بیوی اکٹھے نہ ہوئے ہوں تا کہ یہ کام جلد بازی کے طریق پر نہ ہو کہ جب جی میں آیا طلاق دے دی اور تا عورت کی مخصوص کشش خاوند کو اس کے اس ارادے سے روکنے کے لئے آزاد رہے۔

5،۔گو خاوند بیوی کی جدائی ایک طلاق سے بھی ہو سکتی ہے مگر دو طلاقوں تک خاوند کو رجوع کا حق رہتا ہے اور کامل جدائی کے واسطے یہ ضروری ہے کہ طلاق تین دفعہ تین مختلف وقتوں میں دی جائے تا کہ مکمل علیحدگی کے لئے کسی عارضی ناراضگی میں قدم نہ اٹھایا جا سکے اور خاوند کو اپنے ٹھنڈے لمحات میں اونچ نیچ کے سوچنے کا موقعہ مل جاوے۔ اگر کوئی شخص جوش میں آ کر ایک ہی وقت میں تین طلاقیں دے دیتا ہے تو وہ ناجائز ہوگا اور صرف ایک طلاق شمار ہوگی۔

6۔طلاق کی صورت میں خاوند کا فرض ہے کہ اگر وہ اپنی بیوی کا مہر پہلے نہیں ادا کر چکا تو طلاق کے وقت اسے ادا کرے اور اگر کوئی اور مال اس نے اپنی بیوی کو دے رکھا ہے تو وہ بھی واپس نہ لے بلکہ ممکن ہو تو اپنے پاس سے کچھ اور بھی دیدے اور بڑی خوش معاملگی اور احسان کے طریق پر اس کام کو سرانجام دے۔

7۔طلاق کے بعد بھی جب تک عورت دوسری شادی کے لئے آزاد نہ ہو جاوے خاوند اس بات کا ذمہ دار ہے کہ اپنی مطلقہ بیوی کے ضروری اخراجات کا بوجھ اٹھائے اور اگر کوئی خورد سالہ اولاد ہے جو ماں سے جدا نہیں ہو سکتی تو وہ بھی ماں کے پاس رہے گی اور اس کے ضروری اخراجات کا ذمہ دار باپ ہوگا۔

8۔خلع کے متعلق اسلامی قانون یہ ہے کہ چونکہ خانگی نظام کی امارت خاوند کے ہاتھ میں ہے۔ یعنی از روئے شریعت اور از روئے عقل وہ نہ صرف بیوی کے اخراجات کا ذمہ وار ہے بلکہ فیملی کا ہیڈ بھی وہی ہے اور پھر دوسری طرف عورت ہوتی بھی نسبتاً سادہ مزاج ہے اور چالاک لوگوں کے دھوکے میں زیادہ آسانی کے ساتھ آ سکتی ہے۔ اس لئے بیوی کو خود بخود علیحدہ ہو جانے کا حق نہیں ہے بلکہ اس صورت میں اسلامی تعلیم یہ ہے کہ اگر کسی وجہ سے عورت اپنے خاوند کے ساتھ نبھاؤ کو ناممکن خیال کرے اور دوسری طرف خاوند اسے الگ کرنے کے لئے تیار نہ ہو تو وہ حاکم کے ذریعہ علیحدگی حاصل کر سکتی ہے اور حاکم کا یہ کام مقرر کیا گیا ہے کہ اگر عورت کی طرف سے حقیقی خواہش علیحدگی کی موجود ہو اور وہ کسی دھوکے اور شرارت کا شکار نہ ہو رہی ہو تو علیحدگی کا حکم دیدے اور اس سوال میں زیادہ نہ پڑے کہ عورت کی علیحدگی کی خواہش مناسب یا پسندیدہ ہے یا نہیں۔ اس اصل کے ماتحت اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی دوسری شادی کو اپنے لئے واقعی ناقابل برداشت پاتی ہے تو وہ محض اسی بناء پر خلع کا مطالبہ کر سکتی ہے۔

9۔اگر خاوند اپنی بیوی کو کوئی مال یا جائیداد علاوہ از اخراجات زندگی دے چکا ہو اور وہ اس کی واپسی کا مطالبہ کرے تو خلع کی صورت میں عدالت اس کی واپسی کا بوجھ مناسب حد تک عورت پر ڈال سکتی ہے۔

10۔فسخ نکاح اور طلاق اور خلع کی ان صورتوں میں جن میں خاوند اور بیوی کے اکٹھے ہونے کے بعد علیحدگی ہوئی ہو عورت کو دوسری شادی کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ اس کی علیحدگی پر ایک مقررہ میعاد جسے موٹے طور پر تین ماہ کہہ سکتے ہیں نہ گزر جاوے یا حمل کی صورت میں وضع حمل ہو جاوے۔ اس میعاد کو شریعت کی اصطلاح میں عدت کہتے ہیں۔

یہ اس قانون شادی و طلاق کا ڈھانچہ ہے جو آنحضرت ﷺ نے خدائی حکم کے ماتحت (واسطے) مقرر فرمایا۔ اس نظام میں اسلامی قانون شادی کی خوبی تو ہمیشہ ہی اہل عقل وخرد کے نزدیک مسلم رہی ہے۔ مگر یہ ایک شکر کا مقام ہے کہ صدیوں کی ٹھوکروں کے بعد اب دنیا آہستہ آہستہ اسلامی قانون طلاق کی طرف بھی آرہی ہے۔ چنانچہ مختلف مسیحی ممالک میں کم وبیش اسی لائن پر طلاق کا قانون بنتا چلا جارہا ہے جو اسلام نے پیش کی ہے گو مغربی ممالک کی روش میں یہ اندیشہ بھی ضرور پایا جاتا ہے کہ کہیں طلاق زیادہ عام نہ ہو جاوے یعنی اس معاملہ میں لوگوں کے لئے حد اعتدال سے زیادہ آزادی کا دروازہ نہ کھول دیا جاوے کیونکہ جہاں ایک طرف طلاق کے دروازے کو بالکل بند کر دینا یا ایسی ناواجب شرائط کے ساتھ مشروط کر دینا جو عملاً بند کر دینے کے مساوی ہو سخت نقصان دہ ہے وہاں اسے ناواجب طور پر زیادہ کھول دینا بھی کم ضرر رساں نہیں اور یقیناً اصلاح کا رستہ وہی ہے جو اسلام نے اعتدال پر قائم رہتے ہوئے پیش کیا ہے۔

اس جگہ یہ ذکر بھی بے موقعہ نہ ہوگا کہ میور صاحب نے اسلامی قانون طلاق پر یہ دلآزار طعن کیا ہے کہ اس کی رو سے دو طلاقوں تک تو خاوند کو اپنی بیوی کی طرف رجوع کرنے کا حق ہوتا ہے لیکن تیسری طلاق ہو چکنے کے بعد اسے یہ حق صرف اس صورت میں ہے کہ عورت کسی اور شخص کے نکاح میں آکر پھر اس سے علیحدگی حاصل کرے اور اس کے بعد میور صاحب نہایت جرأت کے انداز میں فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں اس بات کو جائز رکھا گیا ہے کہ ایک کرایہ دار مرد کی خدمات حاصل کر کے اس کے ساتھ ایسی عورت کو اس شرط کے ساتھ بیاہ دیا جاوے کہ وہ اسے نکاح کے بعد طلاق دے دے گا تاکہ وہ عورت اپنے اصل خاوند کی طرف لوٹ سکے۔ یہ اعتراض میور صاحب کے پرلے درجہ کے تعصب اور اگر تعصب نہیں تو پرلے درجہ کی لاعلمی پر مبنی ہے۔ اسلام ہرگز یہ تعلیم نہیں دیتا کہ سابق خاوند کے واسطے عورت کو جائز کرنے کے لئے یہ حیلہ کیا جاوے کہ عورت کو کسی اور آدمی سے بیاہ کر پھر اس سے علیحدگی حاصل کی جاوے بلکہ حق یہ ہے کہ اسلام اس قسم کے حیلہ کو ایک سخت ناپاک اور لعنتی فعل قرار دیتا ہے۔

چنانچہ آنحضرت ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ وہ شخص خدا کی لعنت کے نیچے ہے جو کسی عورت کے ساتھ اس نیت سے نکاح کرتا ہے کہ تا بعد میں اسے طلاق دے کر اس کے سابقہ خاوند کے لئے اسے جائز کر دے اور اسی طرح وہ شخص بھی خدا کی لعنت کے نیچے ہے جو کسی دوسرے شخص سے اپنی سابقہ بیوی کا اس غرض سے نکاح کرواتا ہے کہ تا وہ شخص اس سے طلاق حاصل کرے پھر اس کے نکاح میں آسکے اور حضرت عمرؓ خلیفہ ثانی تو یہاں تک فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص اس قسم کا فعل کرے گا تو میں اسے زنا کی سزا دوں گا۔ اندریں حالات اس سے بڑھ کر دیدہ دلیری کیا ہوگی کہ اسلام کی طرف اس ناپاک طریق کو منسوب کیا جاوے۔

اسلامی تعلیم کا منشاء جسے میور صاحب نے نہیں سمجھا یا نہیں سمجھنا چاہا صرف یہ ہے کہ جب تین طلاقیں ہو چکیں تو اس کے بعد مرد و عورت اکٹھے نہیں ہو سکتے سوائے اس کے کہ عورت اپنی جائز ضرورت وغرض کے ماتحت کسی اور آدمی کے نکاح میں آئے اور اس کے بعد وہ اپنے لئے نئے خاوند کی وفات یا کسی حقیقی اختلاف کی بناء پر طلاق کی وجہ سے نہ اس غرض سے کہ وہ اپنے پہلے خاوند کی طرف لوٹ سکے پھر شادی کے لئے آزاد ہو جاوے تو اس صورت میں باہم رضامندی کے ساتھ پہلا خاوند اپنی سابقہ بیوی کے ساتھ پھر نکاح کر سکتا ہے اور اس قانون میں حکمت یہ ہے کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کو یکے بعد دیگرے تین دفعہ طلاق دے چکتا ہے تو اس لمبے تجربہ کے بعد یہی سمجھا جائے گا کہ اب ان کی اہلی زندگی کسی صورت میں خوشگوار نہیں رہ سکتی۔ اس لئے اب انہیں پھر اکٹھے ہو کر ایک مزید تلخ تجربہ نہیں کرنا چاہئے۔ بلکہ کامل طور پر علیحدہ ہو جانا چاہئے اور ایک دوسرے کے ساتھ اکٹھے ہونے کا خیال دل سے نکال دینا چاہئے، لیکن اگر اس کے بعد عورت کسی اور مرد کے نکاح میں آئے اور اس کے ساتھ متلاہلانہ زندگی گزارے اور پھر کسی حقیقی اور جائز وجہ سے اس نئے خاوند سے اس کی علیحدگی ہو جائے یا اس کا نیا خاوند فوت ہو جائے اور اس کے بعد وہ اور اس کا سابقہ خاوند باہم رضامندی کے ساتھ پھر اکٹھے ہونا چاہیں تو ان کے رستے میں کوئی روک نہیں ہونی چاہئے۔ کیونکہ علاوہ اس کے کہ ان کی شادی میں کوئی امر اصولاً مانع نہیں ہے ایسی صورت میں یہ امید کرنا ہرگز بعید از قیاس نہیں کہ اب وہ ایک دوسرے کے ساتھ نبھاؤ کر سکیں گے کیونکہ ایک عرصہ تک ایک دوسرے سے الگ رہنے اور اس عرصہ میں ایک تیسرے شخص کے ساتھ معاملہ پڑنے کے نتیجہ میں ان کے دلوں میں ایک دوسرے کی قدر پیدا ہو جانا بالکل ممکن اور قرین قیاس ہے اور یہ مسئلہ بھی دراصل اسلام نے اس غرض سے خاص طور پر بیان کیا ہے کہ اگر ایک طرف اہلی زندگی کے تلخ تجربات کے سلسلہ کو محدود کیا جاوے تو دوسری طرف لوگوں میں اس خیال کا بھی سدباب کیا جاوے کہ گویا تین طلاقوں کا وجود اپنی ذات میں کوئی حرمت کی وجہ ہے اور یہ کہ تین طلاقوں کے بعد خاوند بیوی کے اکٹھے ہونے کی کوئی صورت ہی نہیں ہے۔

علاوہ ازیں تین طلاقوں کے بعد بھی تجدید نکاح کا دروازہ کھلا رکھنے میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ تا اس سے لوگوں میں نکاح کے تقدس اور دوام کا احساس پیدا کیا جاوے اور یہ خیال قائم کیا جاوے کہ جب دو مرد و عورت کا ایک دفعہ آپس میں ازدواجی تعلق قائم ہو جاوے تو پھر انتہائی کوشش اس تعلق کے نبھانے کی ہونی چاہئے اور اگر کسی وجہ سے درمیان میں یہ تعلق ٹوٹ بھی جاوے اور اس کا پھر قائم ہونا محل بھی ہو جاوے تو پھر بھی آئندہ چل کر کوئی ایسا موقعہ جبکہ جائز طور پر اس تعلق کے دوبارہ جوڑے جانے کی امید ہو سکے۔ ضائع نہیں جانے دینا چاہئے۔ پس میور صاحب نے جس مسئلہ کو ایک غلط اور ناپاک صورت دے کر اس پر اعتراض کیا ہے وہ دراصل اپنی حقیقی صورت میں اسلامی تعلیم کی ایک بہت ہی بڑی خوبی ہے۔ جسے افسوس ہے کہ سر ولیم کی آنکھ دیکھ نہیں سکی۔

(سیرۃ خاتم النبیّین ص 617 تا 629)

غیبی مدد

حضرت صاحب (حضرت مسیح موعود) ایک مرتبہ امرتسر سے آرہے تھے بٹالہ کے راستہ میں دھوپ تھی، سخت تکلیف تھی، یکہ میں بیٹھنے لگے (ریل نہیں تھی) تو ایک اور آدمی جو ہندو تھا وہ کود کر پہلے اندر جا بیٹھا اور اپنے موٹاپے سے تمام یکہ کو اندر سے روک لیا۔ اب حضرت صاحب کو دھوپ میں بیٹھنا پڑا۔ اللہ تعالیٰ نے فوراً ایک بادل بھیج دیا جو امرتسر سے لے کر بٹالہ تک برابر آپ کے سر پر سایہ کرتا آیا۔

(الفضل 17 جون 1914ء)

غزل

یہ موسم اور نظارے کھو نہ جائیں
سبھی فرقت کے مارے سو نہ جائیں

چلے آؤ تمہارے یہ طلبگار
کہیں بربادِ الفت ہو نہ جائیں

جو آئے ہیں ترے غم خوار بن کر
وہ تیرے گھر میں کانٹے بو نہ جائیں

یہ اِترا کر اکڑ کر چلنے والے
زمانے بھر میں رسوا ہو نہ جائیں

ہے منزل دور اور راہیں پریشاں
مسافر راستوں میں کھو نہ جائیں

وہ تیرا زُعم اور تیرے ارادے
کہیں خواب پریشاں ہو نہ جائیں

عبدالصمد قریشی

جماعت احمدیہ البانیہ کا پہلا جلسہ سالانہ

رپورٹ ڈاکٹر عبدالشکور اسلم صاحب صدر جماعت احمدیہ البانیہ

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جماعت احمدیہ البانیہ کو مورخہ 20 مئی 2007 کو اپنا پہلا جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

جیسا کہ احباب کو معلوم ہے کہ البانیہ میں جماعت احمدیہ عالمگیر کو 2002ء میں ایک بہت بڑی بیت الذکر اور مشن ہاؤس تعمیر کرنے کی توفیق ملی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اس بیت کی تعمیر پر اس کو بیت الاول کا نام دیا جبکہ مشن ہاؤس کو دارالفلاح کے نام سے موسوم کیا۔

مئی 2003ء احمدیہ کمپلیکس سے جماعت کی باقاعدہ مساعی کا آغاز ہوا۔ بیت الاول میں لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ باقاعدہ پانچ وقت کی نداء دی جانے لگی۔ نماز جمعہ میں غیراز جماعت باقاعدگی سے شامل ہوتے ہیں۔ دینی مساعی کے ذریعہ البانین لوگ آہستہ آہستہ جماعت میں شامل ہونے شروع ہوئے۔ فروری 2004ء میں مکرم بجیر ایازی صاحب جو اُس وقت 84 سال کے تھے باقاعدہ بیعت کرکے جماعت میں شامل ہوئے۔ قادیان سے دو مربیان کرام مکرم شاہد احمد صاحب بٹ اور مکرم صمد احمد صاحب غوری اکتوبر 2005ء سے آچکے ہیں۔ اب اللہ کے فضل سے ایک چھوٹی سی جماعت قائم ہو چکی ہے۔ چنانچہ امسال حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی دعاؤں کے طفیل جماعت البانیہ نے پہلا جلسہ سالانہ منعقد کرنے کا پروگرام بنایا۔ جماعت جرمنی کے مشورہ سے تاریخ اور پروگرام طے کیا گیا۔ جرمنی کے احمدیہ بلیٹن میں جلسہ کی تاریخ کا اعلان کیا گیا۔

البانیہ میں زیر دعوت افراد اور ممبران جماعت کے ذریعہ مختلف ذرائع سے جلسہ کی تشہیر کی گئی۔ اس کے لئے باقاعدہ دعوت نامے جاری کئے گئے۔ جلسہ سالانہ کے کاموں کو بہتر بنانے کے لئے جلسہ سالانہ کے تعلق میں ڈیوٹیاں تقسیم کی گئیں۔ مشن ہاؤس میں ایک لیکچر ہال اور لائبریری موجود ہے۔ اس لئے مقام جلسہ گاہ کے طور پر ان دونوں جگہوں کو استعمال کیا گیا۔ ان جگہوں کو مناسب Banners سے آراستہ کیا گیا۔ مختلف احباب کے سپرد مناسب حال ذمہ داریاں تقسیم کی گئیں۔

جلسہ کے موقعہ پر جماعت احمدیہ عالمگیر کی طرف سے شائع شدہ قرآن کریم کو شاملین جلسہ کے سامنے پیش کرنے کے لئے ایک نمائش کا بندوبست کیا گیا۔ اس میں 33 تراجم رکھے گئے۔ ساتھ ہی مختلف ممالک میں جماعت کی طرف سے بننے والی 45 بیوت کو بھی بذریعہ تصاویر پیش کیا گیا۔

اس جلسہ میں شمولیت کے لئے Kosovo سے 6 افراد محترم موسیٰ رستمی صاحب صدر جماعت Kosovo کی معیت میں شامل ہوئے۔ جبکہ جرمنی جماعت سے محترم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی، محترم مولانا حیدر علی صاحب ظفر مربی انچارج جرمنی، محترم حافظ فرید احمد صاحب خالد اسسٹنٹ نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ، محترم ناصر احمد صاحب نیشنل آڈیٹر اور محترم سید خاور احمد صاحب ایڈیشنل نیشنل سیکرٹری جائیداد شامل ہوئے۔ جماعت احمدیہ UK کی طرف سے مکرم عبداللطیف خان صاحب نے بطور نمائندہ UK جماعت اور محترم عابد احمد صاحب ناصر صدر جماعت ہنسلو نے شرکت کی۔ اسی طرح Sweden سے محترم محمد زکریا خان صاحب خصوصی طور پر جلسہ میں تقریر کرنے کے لئے تشریف لائے۔ الغرض البانیہ کے علاوہ چار ممالک کی جلسہ میں نمائندگی ہوئی۔

جلسہ کا پروگرام مورخہ 20 مئی 2007ء بوقت 10 بجے زیر صدارت محترم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی شروع ہوا۔ پہلے سیشن کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا جو مکرم صمد احمد صاحب غوری مربی البانیہ نے کی اور اس کا البانین ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد ایک البانین نوجوان مکرم Bekim Bici نے حضرت اقدس مسیح موعود کا قصیدہ خوش الحانی سے پڑھا اور اس کا البانین ترجمہ بھی سنایا۔ مکرم شاہد احمد صاحب بٹ مربی البانیہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام پڑھ کر سنایا۔ بعدہ مکرم موسیٰ رستمی صاحب صدر جماعت احمدیہ Kosovo نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے چیدہ چیدہ واقعات سنائے۔ مکرم شاہد احمد صاحب بٹ نے صداقت حضرت مسیح موعود از روئے قرآن و حدیث کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد مکرم مولانا حیدر علی صاحب ظفر مربی انچارج جماعت احمدیہ جرمنی نے عربی زبان میں تقریر کی جس میں انہوں نے حضرت مسیح موعود کی عربی تحریرات کی روشنی میں ہستی باری تعالیٰ، شان خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم اور عظمت قرآن مجید پر روشنی ڈالی۔ ساتھ ساتھ اس کا البانین ترجمہ بھی پیش کیا جاتا رہا۔ ساڑھے بارہ بجے پہلا اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

پروگرام کے مطابق حاضرین کی خدمت میں دوپہر کا کھانا پیش کیا گیا۔ اس کے بعد نماز ظہر و عصر جمع کر کے ادا کی گئی۔ نماز کے بعد چائے اور کافی کا بھی انتظام کیا گیا۔

دوسرا اجلاس ڈیڑھ بجے محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ جرمنی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اس میں دو مبایعین مکرم Bujar Ramai (بویار رامئی) صاحب اور مکرمہ Eliona Cela (ایلیونہ چے لہ) صاحبہ نے جماعت میں شامل ہونے کے واقعات پر مشتمل اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ بعدہ محترم محمد زکریا خان صاحب جنہوں نے قرآن مجید کا البانین زبان میں ترجمہ کیا نیز سلسلہ کی بہت سی کتب کے بھی مترجم ہیں، نے جماعت احمدیہ پر ہونے والے چند اہم اعتراضات اور ان کے جوابات کو بہت احسن رنگ میں پیش کیا۔ جس کے بعد حاضرین کو سوالات کا موقعہ بھی دیا گیا۔

اس کے بعد مکرم صمد احمد صاحب غوری مربی سلسلہ البانیہ نے دین حق کی خوبصورت تعلیم کو مدلل طور پر پیش کیا۔ ازاں بعد محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ جرمنی نے اختتامی خطاب فرمایا۔ اس میں آپ نے اپنے قبول احمدیت کے واقعات بیان فرمائے۔ نیز اپنے اس سفر کو ظلمات سے نور کے سفر کے طور پر تعبیر کیا۔ ان واقعات کو سن کر حاضرین بہت متاثر ہوئے۔ اس کے بعد مکرم عبداللطیف خان صاحب نمائندہ UK جماعت نے امیر صاحب جماعت احمدیہ UK اور ممبران کی طرف سے تمام حاضرین جلسہ کو محبت بھرے سلام کا تحفہ اور پہلا جلسہ سالانہ منعقد کرنے پر مبارک باد دی۔ بعدہ خاکسار ڈاکٹر عبدالشکور اسلم خان نے شامل ہونے والے احباب کا شکریہ ادا کیا۔ جس کے بعد دعا پر یہ جلسہ اپنے اختتام کو پہنچا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس پہلے جلسہ میں 138 مرد وخواتین نے شرکت فرمائی۔ یہ بات خاص طور پر محسوس کی گئی کہ حاضرین کرام نے جلسہ پروگرام کو نہایت انہماک سے سنا اور ہمہ وقت پروگرام میں شامل رہے۔ جلسہ میں شرکت کرنے والے احباب میں ملک کی بعض معزز شخصیات مثلاً البانیہ کے سعودی عرب میں سابق ایمبیسڈر، سابق ممبران پارلیمنٹ، پروفیسرز اور دانشور احباب نے بھی شرکت کی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ البانیہ جماعت کی ان حقیر مساعی کو قبول فرمائے اور لوگوں کے دلوں کو حق و صداقت کے قبول کرنے کے لئے جلد کھولے اور جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ البانیہ کو ایک بہت بڑی اور خوبصورت بیت الذکر عطا فرمائی ہے اُسی طرح نیک اور پاک لوگوں پر مشتمل ایک بڑی اور تقویٰ شعار جماعت بھی جلد عطا فرمائے۔

(الفضل انٹرنیشنل 13 جولائی 2007ء)

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

نیند کتنی ہونی چاہئے؟

نیند ایک بنیادی ضرورت ہے۔ انسان، جانور، پرندے سب سوتے ہیں انسان کے لئے سونا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ اس دوران ہمارے اعضاء آہستہ آہستہ کام کرتے ہیں اور ان کو آرام کرنے کا موقع مل جاتا ہے اور ہمارا دفاعی نظام نشوونما پاتا ہے تاکہ ہم بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں اور ان کا مقابلہ کر سکیں۔

انسانوں کی نیند کی مدت میں فرق ہوتا ہے۔ چھ سے آٹھ گھنٹے تک سونا عام انسان کی صحت کے لئے مفید ہے۔ بعض لوگ دس بارہ گھنٹے سونے کے بعد تروتازہ ہوتے ہیں اور بعض افراد کے لئے چار گھنٹوں کی نیند بہت ہوتی ہے۔ خصوصاً بچوں کے لئے پوری نیند لینا بہت ضروری ہوتا ہے۔ پوری نیند لینے والے کی یادداشت اچھی ہوتی ہے جبکہ کم سونے والے بچے کی جسمانی نشوونما کو نقصان پہنچتا ہے اور اس کی ذہنی توجہ اور قوت ادراک بھی کم ہو جاتی ہے۔ بعض افراد کئی گھنٹے کی نیند کے بعد بھی خود کو چاق و چوبند محسوس نہیں کرتے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی نیند کا معیار کم ہوتا ہے یعنی کہ وہ پرسکون ہو کر نہیں سوتے۔ ایسی نیند کی وجہ عموماً دماغی الجھنیں اور پریشانیاں ہوتی ہیں۔ اس طرح سوتے میں بھی انسان اعصابی دباؤ کا شکار رہتا ہے اور گہری نیند نہیں سو سکتا اس لئے نیند میں مقدار کے ساتھ ساتھ معیار کا ہونا بھی ضروری ہے۔ ایسے افراد جن کو رات کو نیند ٹھیک سے نہیں آتی انہیں چاہئے کہ رات کو چائے نہ پئیں بلکہ اس کی بجائے سبز قہوہ یا پودینے کا قہوہ پئیں۔

نیند کا براہ راست تعلق آنکھوں سے ہے کیونکہ انسان آنکھیں بند کرکے سوتا ہے۔ نیند کی کمی آنکھوں کو تھکا دیتی ہے جس سے ان کی چمک کم ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات نیند کی کمی کی وجہ سے نظر بھی کمزور ہو جاتی ہے۔ ماہرین نے تحقیق سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ نیند کے دوران جن افراد کو خواب آتے ہیں۔ خواب کے دوران ان کی آنکھیں حلقوں میں ادھر اُدھر گردش کرتی ہیں اور آنکھوں کی یہ ورزش بصارت کے لئے نہایت مفید ہوتی ہے۔

یاد رہے کہ نیند اتنی اہم اور ضروری ہے کہ یہ سولی پر بھی آجاتی ہے۔ جرائم پیشہ افراد سے پوچھ گچھ کرنے کے لئے ان کو گہری نیند سے اٹھا کر تفتیش کی جاتی ہے اور اس طرح ان سے جرائم کا اعتراف بھی کروا لیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ نیند کی کمی سے انسان کی زندہ دلی ختم ہو جاتی ہے اور وہ خود کو افسردہ محسوس کرتا ہے۔

یاد رکھیں کہ نیند اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ اس کی قدر و قیمت ان لوگوں سے پوچھیں جن کو بے خوابی کی شکایت ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو لمبی صحت والی زندگی دے اور اپنے فضل سے خدمت دین کرنے کی بھرپور توفیق دے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 72047 میں

Atiqa Rauf Ashraf

ولد ڈاکٹر محمد احمد اشرف قوم ...... پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 07-1-13 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) جیولری سیٹ مالیتی -/200 پاؤنڈ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی ۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ ۔ Atiqa Rauf Ashraf گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر محمد اشرف والد موصیہ ۔ گواہ شد نمبر 2 Tahir Solbi وصیت نمبر 25670

مسل نمبر 72048 میں فریحہ معروف احمد

زوجہ شاہ جہاں معروف احمد قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 07-1-8 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 30-737 گرام مالیتی -/7005 پاؤنڈ (2) حق مہر -/300000 روپے ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/113 پاؤنڈ ماہوار بصورت Benifit مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی ۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ ۔ فریحہ معروف احمد ۔ گواہ شد نمبر 1 شاہ جہان معروف احمد خاوند موصیہ ۔ گواہ شد نمبر 2 Tahir Solbi وصیت نمبر 25670

مسل نمبر 72049 میں مشہود اقبال

ولد محبوب الٰہی قوم کھوکھر پیشہ وکالت عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 06-8-17 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600 پاؤنڈ ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا ۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد ۔ مشہود اقبال ۔ گواہ شد نمبر 1 عثمان احمد ولد مبارک احمد شاہد گواہ شد نمبر 2 مبارک احمد شاہد ولد حافظ احمد علی

مسل نمبر 72050 میں نصرت جہاں خالد

زوجہ ذیشان احمد خالد قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 05-7-24 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 10 تولے مالیتی -/2000 پاؤنڈ (2) حق مہر -/3000 پاؤنڈ ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 پاؤنڈ ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی ۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد ۔ نصرت جہاں خالد ۔ گواہ شد نمبر 1 A.Khalid گواہ شد نمبر 2 Mubarik Ahmad

مسل نمبر 72051 میں رؤف احمد

ولد مبارک احمد قوم آرائیں پیشہ ...... عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 07-2-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 پاؤنڈ ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا ۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد ۔ رؤف احمد ۔ گواہ شد نمبر 1 رشید احمد ولد محمد حسن گواہ شد نمبر 2 خالد احمد ولد بشیر احمد

مسل نمبر 72052 میں سلمیٰ مبشرہ شاہ

بیوہ فدا محمد شاہ (مرحوم) قوم سید پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 07-2-18 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 20 تولے مالیتی اندازاً -/2400 پاؤنڈ (2) مکان واقع U.K از ترکہ خاوند کا 1/8 حصہ ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/400 پاؤنڈ ماہوار بصورت Benifits مل رہے ہیں ۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی ۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ ۔ سلمیٰ مبشرہ شاہ ۔ گواہ شد نمبر 1 راجہ مسعود احمد ولد راجہ محمد نواز ۔ گواہ شد نمبر 2 بشارت الرحمٰن باجوہ ولد چوہدری طاہر احمد باجوہ

مسل نمبر 72053 میں محمد علی خان

